**11.08.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ............شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ نے ٹرائیبونل نظام کی کارکردگی اور شفافیت میں بہتری لانے کی خاطر بل منظور کرلیا ہے۔ اس نے قومی ٹرائیبونل کمیشن کی تجویز پیش کی ہے۔

☆ لوک سبھا نے اپوزیشن کے شور شرابے کے درمیان ریاست کیرالہ کا نام بدل کر کیرلم کرنے سے متعلق بل منظور کرلیا ہے۔ اس نے امدادِ باہمی اداروں کے فروغ کو وسعت دینے کیلئے NCDC بل کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ بھارت نے اس بات پر زور دیا ہے کہ چین کے ساتھ مضبوط رشتوں کیلئے سرحدی علاقوں میں امن وسکون لازمی ہے۔ اس نے یہ بات دوہرائی ہے کہ اروناچل پردیش بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے۔

☆ NASA نے Artemis معاہدے کے تحت اپنے اہم Moon Base پروگرام میں شامل ہونے کیلئے اسرو کو مدعو کیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ فخر کے ساتھ یومِ آزادی منائیں اور وکست بھارت کی تعمیر کا عہد کریں۔

☆ اور پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر میں جمعرات سے عالمی سطح پر احتجاج کیا جائے گا جس میں سرکار کی شہ والی دہشت گردی سے دنیا کو باور کرانے کیلئے عالمی سطح پر ریلیوں پر زور دیا گیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***RS Tribunal Bill***

راجیہ سبھا کی جانب سے ٹریبونلز اصلاحی بل 2026 کو آج منظور کئے جانے کے بعد اِس بل کو پارلیمنٹ کی منظوری مل گئی ہے۔ دوسری مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد جب ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے شروع ہوئی تو قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے یہ بل پیش کیا۔ اِس بل کا مقصد مختلف ٹریبونلز میں چیئرپرسنز اور اراکین کی اہلیت، آزادی اور تقررات اور خدمات کو یقینی بناتے ہوئے شفافیت میں اضافہ کرنا ہے۔ ساتھ ہی اِس بل کا مقصد ٹریبونلز کی انتظامیہ اور کام کاج کو بہتر بنانا ہے۔ یہ قانون نیشنل ٹریبونلز کمیشن کے قیام کی بھی

تجویز پیش کرتا ہے۔ بل کی منظوری کے بعد ایوان میں کئی اراکین نے عوامی اہمیت کے حامل مختلف معاملات اُٹھائے۔ کام کاج مکمل ہونے کے بعد صدر نشین نے ایوان کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔×

## LS Kerala Cooperative Bills

لوک سبھا نے کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026 کو آج منظوری دے دی۔ یہ بل آئین کے پہلے شیڈول میں ریاست کیرالہ کے نام کو 'کیرالم' نام سے تبدیل کرے گا۔ اِس بارے میں قانون ساز اسمبلی نے جون 2024میں قرارداد منظور کی تھیں۔ بل پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے داخلی امور کے وزیرمملکت نتیانند رائے نے کہا کہ کیرالہ قانون ساز اسمبلی کی 2024میں منظور ہوئی قرارداد میں مرکز سے کیرالہ ریاست کے نام کو 'کیرالم' کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ درخواست اِس لئے کی گئی تھی کہ کیونکہ ملیالم زبان میں ریاست کا نام کیرالم ہے، جبکہ آئین میں اِسے کیرالہ لکھا گیا۔

ایوان زیریں نے قومی امدادِ باہمی ترقیاتی کارپوریشن بل 2026 کو بھی منظوری دے دی۔ امدادِ باہمی کے وزیرمملکت مرلی دھر موہول نے بل پیش کیا، جس کا مقصد قومی امدادِ باہمی ترقیاتی کارپوریشن قانون 1962میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ یہ بل کارپوریشن کو صنعتی اشیاء کے میدان میں اپنی سرگرمیاں شروع کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ NEET معاملے پر طلبا کے احتجاج پر مبینہ پولیس کارروائی سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن کی جانب سے ہنگامہ آرائی کے دوران یہ دونوں بل بنا کسی بحث ومباحثے کے منظور کرلئے گئے۔ کام کاج مکمل ہونے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

**VC-Anand**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں اپوزیشن کی جانب سے مختلف معاملات پر ہنگامہ آرائی کی وجہ سے آج ایک بار پھر رخنہ پڑا۔ حکومت کی جانب سے طلبا کے معاملے پر مباحثے کی تیاری کی یقین دہانی کے باوجود کانگریس سمیت اپوزیشن پارٹیوں نے نعرے بازی جاری رکھی۔ اپوزیشن کے شوروغل اور ہنگامہ آرائی کی وجہ سے دونوں ایوانوں میں وقفۂ سوال نہیں چل سکا۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے بھی ایوان کی کارروائی میں رخنہ اندازی پر اپنے دُکھ کا اظہار کیا۔ جناب برلا نے زور دے کر کہا کہ ایوان کی کارروائی بحث مباحثے اور تعاون کے ذریعے چلتی ہے۔ لوک سبھا نے اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے دوران کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026اور قومی امدادِ باہمی ترقیاتی کارپوریشن ترمیمی بل 2026 کو منظوری دے دی۔

وہیں راجیہ سبھا نے بھی ٹریبونلز اصلاحی بل 2026منظور کرلیا۔

نئی دِلی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## ***President***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی اعزاز کی توہین کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔ پارلیمنٹ نے اس بل کو گزشتہ مہینے منظور کیا تھا۔ یہ بل دفعہ تین کے تحت وندے ماترم کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور اسے قومی ترانے کی طرح یکساں قانونی درجہ دیتا ہے۔ صدرجمہوریہ کی منظوری کے بعد یہ بل قانون بن گیا ہے۔x

## ***Rijiju Opposition***

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کانگریس اور اپوزیشن پارٹیوں پر طلبا کے احتجاج پر بحث سے بچنے کا یہ کہتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ حکومت اِس معاملے پر تفصیلی بحث کیلئے تیار ہے۔ پارلیمنٹ احاطے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ حکومت نے طلبا کے احتجاج سے متعلق تفصیلی بحث کیلئے کل ایک پیشکش کی تھی۔ انھوں نے کہا کہ وزیر داخلہ امت شاہ بھی اپوزیشن کی جانب سے اٹھائے گئے معاملات پر جواب دینے کیلئے تیار ہیں لیکن وہ ایوان کی کارروائی نہیں چلنے دے رہے ہیں۔

**S/B Kiren Rijiju**

اِس دوران، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ پون کھیڑا نے مبینہ طور پر کہا کہ وزیر داخلہ اِس معاملے پر بیان دینے سے بچ رہے ہیں۔x

## ***MEA***

بھارت نے آج یہ بات دوہرائی ہے کہ اروناچل پردیش بھارت کا ایک اٹوٹ اور کبھی نہ الگ ہونے والا حصہ ہے اور اِس سچائی کو کوئی تبدیل نہیں کرسکتا۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیرجیسوال نے کہا کہ بھارت اور چین کے سرحدی علاقوں سے متعلق معاملات میں بھارت نے ہمیشہ بات چیت میں اس بات پر زور دیا ہے کہ وہ اِن معاملات کو سب سے سنجیدہ مانتا ہے۔

**S/B 2045 Randhir On INDO China Border**

جناب جیسوال نے مطلع کیا کہ بھارت نے بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمن کو باہمی دورے کے ساتھ ساتھ نئی دلّی میں ہونے والے برکس آؤٹ ریچ اجلاس کیلئے دعوت نامہ بھیجا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ کل بھارتی ہائی کمشنر نے بنگلہ دیش کے وزیر اعظم سے ملاقات کی اور طرفین نے باہمی دلچسپی کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔x

## ***India US Space***

خلائی تحقیق کی امریکی ایجنسی ناسا نے Artemis معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کے طور پر خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو کو اپنے Moon Base پروگرام میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ اِس معاہدے کے تحت بھارت اور امریکہ اوپن سائنسی ڈیٹا ساجھا کرنے پر تعاون سے متعلق بات چیت کو

آگے بڑھانے پر رضامند ہوگئے ہیں۔ بھارت نے 5اور 6اگست کو بنگلورو میں اِسرو کے صدر دفتر میں بھارت–امریکہ سول خلائی مشترکہ ورکنگ گروپ کی 9ویں میٹنگ کی میزبانی کی۔ اسرو چیئرمین ڈاکٹر وی–نارائنن اور بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor نے افتتاحی تقریب سے خطاب کیا۔ وزارتِ خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ملاقات کے دوران، بھارت اور امریکہ کے درمیانTransforming the Relationship Utilizing Strategic Technology, TRUST پہل کے تحت سول اور تجارتی خلائی اشتراک میں پیش رفت ہوئی۔ فریقین نے گزشتہ سال ناسا–اسرو Synthetic Aperture Radar, NISAR کے مشترکہ طور پر کامیاب لانچ کے بعد بڑھتے تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِس کے علاوہ دونوں فریقوں نے سائنس اور مستقبل میں خلاء میں انسان کی پرواز سے متعلق ٹیکنالوجی کے تعاون پر بھی بات چیت کی۔

فریقین نے باہری خلاء کی سرگرمیوں کی طویل مدتی پائیداری سے متعلق باہری خلاء کے پُرامن استعمال کی اقوام متحدہ کی کمیٹی، COPUOS کے رہنما خطوط پر آگے بڑھنے کی اپنی عہدبستگی کو دوہرایا۔ اِس کے علاوہ فریقین نے کمیٹی کی اثرپذیری کی یقین دہانی کیلئے جاری کثیرجہتی کوششوں کا بھی جائزہ لیا۔x

## PM Independence Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے ہموطنوں پر زور دیا ہے کہ وہ وکست بھارت کی تعمیر کا عہد کرتے ہوئے فخر اور شان کے ساتھ یومِ آزادی منائیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے ہر شہری کی ساتھ آنے اور ملک کے مجاہدین آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے حوصلہ افزائی کی۔ اس کے علاوہ، وزیر اعظم نے سبھی سے ہر گھر ترنگا مہم کے تحت اپنے گھروں پر ترنگا پھہرانے پر بھی زور دیا۔x

S/S PM Modi

## J&K Tiranga Rally

جموں وکشمیر کے کپواڑہ ضلعے کے Karnah علاقے میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک Teetwal کے مقام پر آج عظیم الشان ترنگا ریلی منعقد کی گئی۔ ریلی کی خصوصیت ایک ہزار 200میٹر لمبا قومی پرچم رہی۔ ریلی میں اسکولی طلبا، اساتذہ، سابق فوجیوں، سول اور پولیس افسران، سول سوسائٹی اراکین اور مقامی باشندوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے ترنگے کے ساتھ حب الوطنی کے نعرے لگاتے ہوئے مارچ کیا۔x

## Jharkhand Bandh

آج BJP کی جانب سے کئے گئے جھارکھنڈ بند کا ریاست کے مختلف حصوں میں زندگی کے معمولات پر اثر پڑا۔ پارٹی کے ورکر کل اسمبلی مارچ کے دوران طلبا پر ہوئے مبینہ لاٹھی چارج کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔ طلبا کے احتجاج کو 18دن ہوگئے ہیں اور احتجاج کر رہے طلبا JPSC اور JSSC امتحانات کو منسوخ کرنے، CBI تحقیقات اور بھرتی کے عمل میں اصلاحات کی اپنی مانگوں کو دوہرا رہے ہیں۔x

## ***PoJK Protests***

پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں 13اگست سے عالمی سطح پر احتجاج کیا جائے گا تا کہ سرکار کی شہ والی دہشت گردی سے دنیا کو آگاہ کیا جاسکے۔عوامی ایکشن کمیٹی نے دنیا بھر میں کشمیریوں پر ریلیاں کرنے اور PoJK کے لوگوں کے خلاف پاکستانی اقتدار کی جانب سے مبینہ طور پر طاقت کے استعمال کی جانب توجہ مبذول کرانے پر زور دیا ہے۔عوامی ایکشن کمیٹی نے 14اگست کو یومِ سیاہ کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا ہے جس دن پاکستان کا یومِ آزادی بھی ہے۔ احتجاج کا سلسلہ دو مہینوں سے جاری ہے اور اس کا کوئی حل دکھائی نہیں دیتا۔ مظاہرین نے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے مبینہ طور پر60سے زیادہ افراد کو ہلاک کردیا ہے اور500سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔

## ***IMD Weather***

بھارت موسمیات محکمے IMD نے کل مشرقی راجستھان، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، مدھیہ مہاراشٹر اور اڈیشہ میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق پنجاب، اتراکھنڈ، چھتیس گڑھ، گجرات، مغربی مدھیہ پردیش، مغربی راجستھان، گوا اور شمال مشرقی ریاستوں کے حصوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔

IMD نے کل دوپہر سے شام تک قومی راجدھانی میں کچھ مقامات پر بہت ہلکی بارش کے ساتھ ساتھ عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

## ***HP Rainfall***

ہماچل پردیش کے زیادہ تر حصوں میں موسلادھار بارش سے مختلف مقامات پر معمولاتِ زندگی متاثر ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے سبب ریاست کی دو قومی شاہراہوں اور 204دیگر سڑکیں ٹریفک کیلئے بند ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے آئندہ 24 گھنٹے کے دوران پانچ اضلاع میں کہیں کہیں شدید بارش کا الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے پیش نظر انتظامیہ نے لوگوں سے دریاؤں سے دور رہنے اور غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے۔x

## ***US-Immigration***

امریکہ جلد ہی گرین کارڈس، شہریت اور پناہ گزینی سمیت امیگریشن سے متعلق متعدد فوائد حاصل کرنے کیلئے آن لائن درخواست دینے کے عمل کو لازمی بنائے گا۔ اِس اقدام کا مقصد کارکردگی کو بہتر بنانا اور آپریشنل اخراجات کو کم کرنا ہے۔ امریکہ کی شہریت اور امیگریشن خدمات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ ایک حکم کے مطابق ایسے فارمس، جو کم سے کم 180دن سے الیکٹرانک فائلنگ کیلئے دستیاب ہیں، انہیں آن لائن جمع کرانا ضروری ہوگا۔×

## ***Canada Open 2026***

ٹینس میں کناڈا اوپن 2026میں آج سابق عالمی نمبر ایک کھلاڑی Iga Swiatek خواتین کے سنگلز کے

سیمی فائنل میں پہنچ گئیں۔ چھ مرتبہ کی گرینڈ Slam چمپئن Iga نے روس کی Diana Shnaider کو چھ–دو، چھ–ایک سے شکست دی۔ جمعرات کے روز اب سیمی فائنل میں Swiatek کا مقابلہ یوکرین کی نویں درجے کی کھلاڑی Elina Svitolina سے ہوگا۔Svitolina، ایک دیگر کوارٹر فائنل میں روس کی Ekaterina Alexandrova کو تین–چھ، چھ–صفر، چھ–تین سے شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچی ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں آج کوارٹر فائنل میں اٹلی کے 19ویں درجے کے Luciano Darderi کا مقابلہ امریکہ کے Brandon Nakashima سے ہوگا۔

ایک دیگر کوارٹر فائنل مقابلے میں 20ویں درجے کے اسپین کے Rafael Jodar اور 18ویں درجے کے فرانس کے Arthur Fils آمنے سامنے ہوں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆